★ وارث، بلندی والا، ملک کا مالک، پیارا دوست اور نہایت کامل ہے۔

★ وہ زمانے کی تصویر بنانے والا، عدل والا، بلند مرتبے والا حاکم ہے۔

★ میرا مال اور حال شکستہ ہے، میرا نام اور میرا علم فانی ہے۔

★اللہ تبارک و تعالیٰ تمام حکمتوں کو جاننے والا، یکتا اور ہر دُکھ کو مٹانے والا ہے۔

★علم و ہدایت کا تعریف کیا ہوا اور خانہ کعبہ کی طرف بُلانے والا ہے۔

★تمام ملکوں سے بے نیاز اور تمام مذاہب سے صُلح و سلامتی والا ہے۔

★اپنے رحم و کرم میں نہایت بہتر، بلندی والا، مالک، اور ہر نشان کا اُٹھانے والا ہے۔

★اُسی کے لیے دائمی کمال ہے۔ کائنات کا بادشاہ اور اُسی کے لیے بخشش ہے۔

★اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیشہ ہمیشہ تمام اُمتوں کے رہنما پر درود و سلام نازل فرماتے، جن کا اسمِ گرامی حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور آپ کا ہر دشمن نیست و نابود ہونے والا ہے۔

١٠

★ اللہ تبارک و تعالیٰ تعریف کیا ہوا پیارا دوست، بادشاہ دوست رکھنے والا، اور نہایت بلند مرتبے والا ہے۔

★ تمام تعریفوں سے بے نیاز حاکم اور ہر قیدی کا علم رکھنے والا ہے۔

★ عدل والا، بے عیب، وسعت والا اور لائق انسان کو علوم و معارف عطا کرنے والا ہے۔

★ کائنات کو دعوت دینے والا، رہنما، یکتا اور ہر بلند ہستی کا محبوب ہے۔

★ زندہ کرنے والا، ہمیشہ زندہ، نہ اسے کوئی تکلیف ہے نہ جھگڑا اور نہ اُس کے کوئی برابر ہے۔

★ اپنے علم میں نہایت بہتر اور ہر فریاد کو سُننے والا ہے۔

★ وہ زمانے کو لپیٹنے والا، وارث اور ہر حقیر کو بلند کرنے والا ہے۔

★ زمانے کا خدا تمام رہنماؤں کا تعریف کیا ہوا اللہ تعالیٰ ہے جو اپنے ہر دشمن کا دشمن ہے۔

★ بادشاہ، وسعت والا، یکتا، بے نیاز، دوست رکھنے والا، اہلِ حق کو عزت دینے والا ہے۔

★ عدل والا، ہر رُوح کی تصویر بنانے والا، ایک حاکم، محبّت کی دعوت دینے والا ہے۔

★ ہر حکم کا مالک، وارث، بے عیب، دشمنوں کو اسلام کی طرف رہنمائی کرنے والا ہے۔

★ وہ اپنے دشمنوں کے ہر جھگڑے اور روک ٹوک کو مٹانے والا اور اہلِ محبت کی ہر بستی کو آباد کرنے والا ہے۔

★ وہ دلوں کے حالات کو جاننے والا ہے، اُس کی حمد ہر درد کی دوا ہے۔

★ وہ تمام ناموں کو جاننے والا، رہنما ہے اس کا نام لوہے کی سختی کو توڑنے والا ہے۔

★ اُس کے سوا دُنیا کا کوئی حاکم نہیں ہے، وہ مُلک کا مالک، ہر جماعت کے لیے نہایت اعلیٰ ہے۔

★ وہ اہلِ علم و الہام کو بُلند کرنے والا ہے اور میرا وارث اور ہر مراد پوری کرنے والا ہے۔

★ سارے زمانے کا خدا بادشاہوں کا محبوب ہے، نہایت بُلند مرتبے والا، ایک، سخیوں کا مالک و مولا ہے۔

★ ہر رُوح کی تصویر بنانے والا، اور اطاعت کیا ہوا، اہلِ محبت کی امداد کرنے والا اور اکرام کرنے والا ہے۔

★ ہر زمانے کو تعلیم دینے والا، بُلانے والا، اور حرام و حلال کی تعمیر کرنے والا ہے۔

★ بے عیب، مُلک کا مالک، دوست رکھنے والا، عدل والا، وُسعت والا، بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔

★ وہ ہمیشہ زندہ، اوّل، بے نیاز، زندہ کرنے والا، کائنات کا رہنما اور ہر مقصد پورا کرنے والا ہے۔

★ تمام رسولوں اور راہنماؤں کو بھیجنے والا اور عام لوگوں کو سلامتی کی طرف بُلانے والا ہے۔

★ تمام ناموں اور حکمتوں کو شمار کرنے والا اور ہر حکم کا عالم اور حامی ہے۔

★ بخشش کے مُلک کا وارث، نہایت بُلندی والا، سچے حکم والا اور ہر بات کو جاننے والا ہے۔

★ تمام جہانوں اور اونچے لوگوں کا تعریف کیا ہوا اور بخیلوں کا قبول کیا ہوا اور جانا پہچانا ہے۔

★ وہ اپنی بخشش اور رحمت کے لحاظ سے صلحِ کُل ہے۔ ہر رُوح کی مراد اور تاریکی کو دُور کرنے والا ہے۔

★ وہ ہر زمانے کا علم رکھنے والا اور حقیقتِ حال کو پہنچنے والا اور ہمیشہ ہمیشہ ہر کمال کو اُٹھانے والا ہے۔

★ وہ اللہ تبارک و تعالیٰ زمانے والوں کے ہر کام کو آسان کرنے والا اور ہر عام انسان کا پیارا دوست ہے۔

نعت

حضرتِ محمد اللہ کے رسول ہیں!

صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

★ حضرتِ احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مولائے کائنات، ہر کامل کے پیشوا، تمام ملکوں کے مالک، ہر واصل باللہ سے اعلیٰ ہیں۔

★ آپ طاہر، مطہر، مکرم، اسلام کے حاکم، ہر ڈرنے والے کی جائے پناہ ہیں۔

★ آپ حمد کرنے والے، طٰہٰ، تمام بلندیوں کے تعریف کیے ہوئے ہیں۔ اسرارِ الٰہی کے اُٹھانے والے، ہر عاقل کو دعوت دینے والے ہیں۔

★ آپ تمام بزرگوں کے بچانے والے، اطاعت کیے ہوئے، حاکموں کے حاکم، ہر سوالی کے محافظ ہیں۔

★ آپ تمام اسماء کا علم رکھنے والے، کائنات کے جاننے پہچاننے، احکامِ خداوندی پر عمل کرنے والے، ہر محتاج و مفلس کے وارث ہیں۔

★ آپ نیک عمل کرنے والے، مضبوط حکم والے، ہر حال کی اصلاح کرنے والے، ہر عدل کرنے والے کے رہنما ہیں۔

★ آپ کا علم پاک تمام کائنات پہ حاوی اور جاری و ساری ہے۔ آپ کا اسمِ گرامی لگاتار برسنے والی بارش کی طرح سخاوت کرنے والا ہے۔

۱۷

★ اللہ تعالیٰ کے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہر کمال کے اُٹھانے والے اور عام لوگوں کو حلال کی دعوت دینے والے ہیں۔

★ آپ حضرتِ آدم علیہ السّلام کے لیے اسمار کا علم بھی ہیں اور راز بھی، آپ حضرت حوّا علیہا السّلام کے ہر حال میں مددگار ہیں۔

★ آپ رسولوں کے امام، زمانے کے اطاعت کیے ہوئے، خدا تعالیٰ کی سراپا برکت، اور اُونچے لوگوں کے تعریف کیے ہوتے ہیں۔

★ آپ مسلکِ اسلام کی تعلیم دینے والے بزرگوں کو وصالِ خداوندی کی طرف رہنمائی فرمانے والے ہیں۔

★ آپ علم و حکم کے اعتبار سے ہر مُسلمان کے لیے قابلِ تعظیم، ایک خدا تعالیٰ کی رحمت کے اُمیدوار اور تمام سرداروں کے سردار ہیں۔

★ آپ اطاعت اور نرمی کے اعتبار سے، تمام جہان کے مانے ہوتے اور تمام شہروں کے لیے بارش اور وارث ہیں۔

★ آپ ہر بہادر کے تعریف کیے ہوئے بھی ہیں اور بادشاہ بھی، آپ تمام کائنات پر چھائے ہوئے ہیں۔

★ اللہ تبارک و تعالیٰ کے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر انجام کے مبارک اور وصالِ خداوندی کے اسرار کے اُٹھانے والے ہیں۔

★ آپ ہر مُلک کے بادشاہ جانے پہچانے، چاہے ہوئے، پیارے دوست، تعظیم کیے ہوئے اور ہر سوال کو پورا کرنے والے ہیں۔

★ آپ اطاعت کیے ہوئے، اصلاح کرنے والے، نہایت اہم بادشاہ اور ہر نشان اور ہر بلندی آپ ہی کے لیے ہے۔

★ آپ تمام اسماء کا علم رکھنے والے، شمار کرنے والے، طٰہٰ، حاکم، ہر بہتر سے بہتر ہیں۔

★ آپ ہر زمانے کے مولا، ہر علم کے سمندر، ہدایت کی کشتی، ہر اعلیٰ سے اعلیٰ ہیں۔

۱۶

★ اللہ تعالیٰ کے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمام رہنماؤں کے محبوب، زمانے کے مددگار، اور دشمنوں کے میزبان ہیں۔

★ آپ حضرتِ آدم علیہ السّلام کو ظاہر کرنے والے، اور حضرت حوّا علیہا السّلام کے لیے سراپا بخشش اور مخلوق پر احسان فرمانے والے اور حق و صداقت کی بنیاد ہیں۔

★ آپ جہان والوں کے لیے اطاعت کیے ہوئے آقا و مولا، ہدایت کی رسّی، اور محبّت کے سِر ہیں۔

★ آپ تمام نبیوں، رسولوں اور زمانوں کے سردار، علم کے گھر اور ہر جماعت کے لیے سَراپا بخشش ہیں۔

★ آپ بہت سُننے والے، سخاوت فرمانے والے، دعوت دینے والے، ہر رُوح کی مراد اور ہر گھر کے تعریف کیے ہوئے ہیں۔

★ اللہ تعالیٰ کے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم ہمیشہ تعریف کیے ہوئے بھی ہیں، اور اسلام کی تعمیر کرنے والے بادشاہ بھی۔

★ آپ بیت اللہ شریف کو جاننے والے اور حقیقتِ حال کو پہنچنے والے، ہر زمانے کی اصلاح کرنے والے پیشوا ہیں۔

★ آپ شجاعت و دلیری کے اعتبار سے ہر مکار پہ بار بار حملہ کرنے والے، اللہ تعالیٰ کی طرف بُلانے والے، بُلائے ہوئے اور اُس کی شمشیرِ تابدار ہیں۔

★ آپ تمام بُرائیوں اور کھیل کود کی چیزوں کو مٹانے والے، ہر راز کے جاننے والے اور سلامتی والے ہیں۔

★ آپ تمام زمانے سے زیادہ ہدایت والے، خدا تعالیٰ کے مبعوث کیے ہوئے اور بزرگوں کے مطلوب و مقصود ہیں۔

★ اللہ تبارک و تعالیٰ کے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہر خطا و گناہ سے معصوم ، کائنات کے پیشوا، مضبوط قلعہ اور ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

★ آپ حضرت جبرائیل علیہ السّلام کے مددگار، خدا تعالیٰ کے حکم کیے ہوتے، اور حضرت آدم علیہ السلام سے زیادہ علم رکھنے والے، اعلیٰ اور پیشوا ہیں۔

★ آپ تمام اُمتوں کے آقا و مولا ، تعریف کیے ہوتے، نہایت بہتر، بادشاہوں اور رسولوں کے بادشاہ ہیں۔

★ آپ ہر مُلک کے مطلوب، جانے پہچانے رہنما، علم و عمل کی بنیاد اور مقصود ہیں۔

★ آپ بخشش کی کشتی کے ناخدا اور تمام سرداروں میں نیک صِفات والے اور اُن کے پیشوا ہیں۔

★ آپ زمانے کے تمام مسائل اور کوششوں سے آشنا، ہر دَور کے معلّم، اور شمشیرِ تابدار ہیں۔

★ آپ اہلِ علم کی سیڑھی بھی ہیں اور مُراد بھی۔ صُلحِ کُل بھی ہیں اور بے عیب بھی۔

★ آپ کافروں کے مکر اور نشے کو مٹانے والے، اور اسلام کے ایسے مددگار ہیں کہ جن میں کلام نہیں ہو سکتا۔

★ میں آپ کی اطاعت اور تعظیم کرتا ہوں اور آپ ہی کو اپنی مدد کے لیے پکارتا ہوں اور میرے سینے میں آپ ہی کی محبت جلوہ گر ہے۔

★اللہ تعالیٰ کے رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بڑے علم والے، بے عیب، واحد مددگار اور ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

★آپ گناہوں سے معصوم، رحم کیے ہوئے، مطلوب، تمام ملکوں کے رسول اور بادشاہ ہیں۔

★آپ تمام اُمتوں کے آقا و مولا، ہر سوال کو پورا کرنے والے، رسولوں کے امام، جانے پہچانے اور خدا تعالیٰ کی تلوار ہیں۔

★اگر آپ کا ظہورِ پُر سرور نہ ہوتا، تو نہ خدا کا پتہ چلتا اور نہ ہی سارے جہان اور بادشاہ پیدا ہوتے۔

★مَیں اپنی امداد کے لیے آپ کو پکارتا ہوں اور آپ ہی کے لیے آپ کے دشمن کے دعویٰ کو نیست و نابود کرتا ہوں، کیوں نہ ہو، جبکہ مجھے آپ ہی سے عقیدت و محبت ہے۔

★آپ کی رُوحِ پُر فتوح اور تمام آلِ اطہار پر خدا تعالیٰ کا سلام ہو، جب تک کہ دُنیا میں سخی لوگ باقی رہیں۔

★سُن لو، مرزا غلام احمد قادیانی نہ خدا کا رسول تھا، نہ بات کا سچا اور نہ اِمام مہدی۔

★اور نہ وہ مُسلمان تھا، مگر انگریزوں نے اُسے کھڑا کیا اور قادیانیوں نے اُسے نبی مان لیا۔

★اگر مرزا غلام احمد قادیانی کا قادیانؑ سے خروج نہ ہوتا، تو خرِ دجّال دیکھنے میں آتا اور نہ ہی اُسے کوئی انگریزی لابی کا وکیل کہہ کر بلاتا۔

؏ قادیانی منسوب ہے قادیان کی طرف اور قادیان جمع ہے قادی کی۔ قادی کا معنی ہے جلدی کرنے والا یا جنگل سے آنے والا، لہذا قادیانی کا معنیٰ ہوا: جنگل سے آنے والوں اور جلدی کرنے والوں کا ایک شخص۔ حضرت شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں: "کہ تعجیل کارِ شیاطیں بود"، جلدی کام شیطان کا۔

★ اللہ تعالیٰ کے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمام سخیوں کے تعریف کیے ہوئے، نبیوں کے پیشوا اور عام لوگوں پہ بخشش فرمانے والے ہیں۔

★ آپ تمام ملکوں کے رہنما اور دشمنوں کی ہر روک ٹوک کو مٹانے والے ہیں۔

★ آپ خدا تعالیٰ کی راہ اور اُس کے بُلاتے ہوئے اور بُلانے والے، عادل بادشاہ اور ہمارے ہر دلی مقصد کو پورا کرنے والے ہیں۔

★ آپ عشق ومحبت کی شمشیرِ تاب دار بھی ہیں اور بخشش ورحمت بھی، اور مُلکِ اسلام کے مالک بھی۔

★ آپ نہایت بلند مرتبہ والے، پاکیزہ، ہر اصل کی اصل، علم کے بادشاہ، احسان فرمانے والے اور مددگار ہیں۔

★ آپ کا اسمِ گرامی آسمان پہ حضرتِ احمد مجتبیٰ ہے۔ آپ طٰہٰ بھی ہیں اور کامل بھی اور سلامتی کے گھر بھی۔

★ آپ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے بھی ہیں اور اُن سے اعلیٰ بھی۔ مددگار بھی ہیں اور اطاعت کیے ہوئے بھی، تعظیم کیے ہوتے بھی ہیں اور اُن کے خانہ کعبہ بھی۔

★ آپ کے تمام دلائل اور دعوے روشن ہیں اور آپ رحمتِ خداوندی کے اُمیدوار بھی۔

★ آپ ہمارے لیے ہر مشکل کام اور غیر منقوط کلام کی سخاوت فرمانے والے اور اہلِ محبت کے مسلک اور بے عیب ہیں۔

★ آپ ہر ملک کے پرچم، خدا سے ملے ہوتے اور ہمارے لیے علم کے گھر اور وکیل و کارساز ہیں۔

★ آپ خدا تعالیٰ کی کمال حمد فرمانے والے، زمانے کے لیے سراپا بخشش اور ہر دانشور کے لیے حق و صداقت کی تلوار رہیں۔

★ آپ کے علمِ شریف کی نہ حد ہے نہ دیوار، آپ کے کلامِ مبارک کا نہ شمار ہے اور نہ تردید۔

★ میرے مولا اور آپ کی آلِ پاک پر خدا تعالیٰ کا سلام ہو، جب تک زمین و آسمان کے درمیان فضا قائم رہے۔

۲۱

★ اللہ تعالیٰ کے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم حرم شریف کے بادشاہ، اسلام کی دعوت دینے والے اور ہمارے حاکم ہیں۔

★ آپ خدا تعالیٰ کے تعریف کیے ہوئے کائنات کے دُولہا، ہر رنج و غم کے لیے سُرورِ سرمدی اور دکھوں کے دُور کرنے والے ہیں۔

★ آپ تمام سرداروں کے سردار، ہر بہتر سے بہتر، ہر اعلیٰ سے اعلیٰ اور امتوں کے وارث ہیں۔

★ آپ ہر زمانے کی رُوح، بلندیوں کے صدر، ہر مشکل کام کو آسان کرنے والے اور حکمتوں کی بنیاد ہیں۔

★ آپ خدا تعالیٰ کو جاننے والے بھی ہیں اور اُس کے جانے پہچانے بھی، آپ ہر علم کے گھر، اور بخشش کے شہر ہیں۔

۲۲

★ اللہ تبارک و تعالیٰ کے رسولِ مقبول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم، ہدایت کے امام، سچّے کلام والے اور کائنات کے مددگار ہیں۔

★ آپ ہر مشکل کام کو آسان کرنے والے، جاننے والے، دارومدار اور بلندیوں کے صدر ہیں۔

★ آپ ہر اصل کی اصل، جانے پہچانے، مشکل کشا اور محبت کی تلوار ہیں۔

★ آپ خدا تعالیٰ کی تعریف کرنے والے بھی ہیں اور تعریف کیے ہوئے بھی، رہنماؤں کے رہنما بھی ہیں اور گمراہی کو مٹانے والے بھی۔

★ آپ نہایت بزرگ، نہایت کامل، نہایت پاکیزہ، ہر زمانے پر سخاوت فرمانے والے اور بخشش کے گھر ہیں۔

★ اللہ تبارک و تعالیٰ کے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رسولوں کے امام ہیں، امام کا کلام ہر کلام کا امام ہوتا ہے۔

★ آپ سب سے بڑے عادِل، کامل، واصل، دشمنوں کی کوششوں کو مٹانے والے اور اُن کے لیے خدا تعالیٰ کی تلوار ہیں۔

★ آپ رب تعالیٰ کے نزدیک سب سے پہلے، سب سے بڑے عالم، اصلاح کرنے والے خدا تعالیٰ سے ملنے والے بخیلوں، کافروں کے دشمن ہیں۔

★ آپ مُستقل مزاج، سب سے دانشور، سردار، لائق، اونچے، کمال والے اور تمام لشکروں کے اطاعت کیے ہوتے ہیں۔

★ آپ طٰہٰ، دعوت دینے والے، کائنات کے رہنما، علم کے گھر اور ہمیشگی کے ملک ہیں۔

★ آپ تمام بڑے بڑے بادشاہوں کو بُلندیاں عطا کرنے والے اور سخیوں کی مُراد ہیں۔

★ آپ ہر اعلیٰ سے اعلیٰ، ہدایت کی راہ، ہر مولا کے مولا اور عام لوگوں کے صدر ہیں۔

★ آپ کا دینِ اسلام کامل بھی ہے اور وسیع بھی، آپ کی بخشش ہمارے

ہر مقصد کے لیے ہمیشہ ہے۔

★ آپ کی ہر خوبی اور ہر ناز اللہ ہی کے لیے ہے۔ آپ بادشاہوں کے بادشاہ بھی ہیں خانہ کعبہ بھی۔

★ آپ نے شبِ معراج میں خدا تعالیٰ کا دیدار فرمایا اور آپ ہی نے اہلِ عمل کو جنت کی راہ دکھائی ہے۔

★ سُن لو، ہمارے حضرت احمدِ مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ایک ہیں۔ خدا تعالیٰ کی حمد کرنے والے، سخیوں کے لیے سراپا بخشش اور محبت کا قلعہ ہیں۔

★ آپ کی رُوح پُرفتوح اور آلِ پاک پر خدائے سلام کا سلام ہو۔

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۲۴

★ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کے حال، کمال اور انجام کو بھی بلند فرمایا ہے۔

★ اور آپ کے کلام اور آپ کے خلق کی تلوار کو، اور ساری دُنیا پر آپ کے اعمال کو بھی۔

★ آپ کی بخشش اور آپ کی بادشاہی کو اور آپ کے ہر اصول اور آپ کے ہر سوال کو۔

★ آپ کی صداقت اور آپ کی محبت اور آپ کی جماعت اور آپ کے ہر ناز کو۔

★ خدا تعالیٰ آپ کی رُوح پُر فتوح پر رحمتیں نازل فرمائے اور آپ کی آلِ اطہار کی ہمیشہ مدد فرمائے۔

★ میری رُوح اور میرا دل آپ کی بخشش اور آپ کی زیارت کے پیاسے ہیں۔

★ اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے ہمیشہ ہمیشہ کائنات کے مولا پر درود وسلام ہو۔

★ جو خدا کا دوست رکھا ہوا، وعدہ کیا ہوا، تعریف کیا ہوا، اور گمراہی کو مٹانے والا ہے۔

★ ہر اصل کی مضبوط اصل، طٰہٰ اور بادشاہی کو اٹھانے والا ہے۔

★ اس کی دعوت دینے والا اور دعوت دیا ہوا، سرداروں کا رہنما اور خواہشاتِ نفسانیہ کو لپیٹنے والا ہے۔

★ وہ اس کا رسول بھی ہے اور رسول بھی، رہنما بھی ہے اور ہر ماسوا کا اصلاح کرنے والا بھی۔

★ اس کی تعریف کرنے والا بھی ہے اور اس کی راہ بھی، وحی اور آسمان کا قبول کیا ہوا بھی۔

★ ہدایت کا پرچم بھی، پیشوا بھی، بلندیوں کا صدر بھی اور بخشش والا بھی۔

★ معزز و مکرم بھی اور زمانے کا اطاعت کیا ہوا اور سراپا ہدایت بھی۔

★ اسلام کی بنیاد رکھنے والا اور تعلیم دینے والا بھی اور دشمنوں پہ احسان فرمانے والا بھی۔

★ سارے پہلے لوگوں اور کاملوں کی جائے پناہ اور ہر بلندی کی روح بھی۔

★ اللہ تعالیٰ نے آپ کو آسمانوں کی سیر کرائی اور آپ کو ہمیشہ کے لیے سرفراز فرمایا ہے۔

★ میری روح، لَولَاکَ لَمَا کے کلام کی ہمیشہ عاشق ہے۔

★ مَیں بُلندیوں کے صدر کی رُوحِ اطہر پر دُرود وسلام بھیجتا ہوں، جو خدا تعالیٰ کے رسول، ہدایت کی دعوت دینے والے ہیں۔

★ سرداروں کے سردار، اُن کے تعریف کیے ہوئے ہر اعلیٰ سے اعلیٰ اور بادشاہی کے سر ہیں۔

★ تمام بُلندیوں کے پرچم، اُن کے اُٹھانے والے، ہر زمانے کی اطاعت کیے ہوتے اور تمام آسمانوں کے بادشاہ ہیں۔

★ تمام اُصولوں کی اصل، اُن کا عِلم رکھنے والے، علم کی سخاوت فرمانے والے اور گمراہی سے روکنے والے ہیں۔

★ رسُولوں پہ احسان فرمانے والے، اُن کے رسول، اُمتوں کی بخشش اور ہر بخشش کی جان ہیں۔

★ خدا تعالیٰ سے مِلنے والے، مِلے ہوئے، کائنات کے امام، بادشاہ اور شمشیرِ تاب دار ہیں۔

★ مُسلمانوں کے سردار، بیدار، سُننے والے، قدر و منزلت کی بلندی کے مالک اور خواہشات کو پیٹنے والے ہیں۔

★ آپ بین الاقوامی حاکم بھی ہیں اور عادل بھی، نہایت بُلند مرتبے والے بھی، اور دشمنوں کے رسم و رواج کو مٹانے والے بھی۔

★ آپ کی رُوح پُر فتوح اور آلِ اطہار پر سلام ہو، سلام ہو، وہ آلِ اطہار جو تمام بُلندیوں کے مالک ہیں۔

۲۷

★ میں حضرتِ احمدِ مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود وسلام بھیجتا ہوں، جو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے، کائنات کے امام اور ہر حاکم کے حاکم ہیں۔

★ جو حضرتِ حوّا علیہا السّلام کے رہنما بھی ہیں، اور تعریف کئے ہوئے بھی، اور حضرتِ آدم علیہ السّلام پہ رحم کرنے والے بھی ہیں اور اُن کے بزرگ بھی۔

★ تمام رسولوں کے لیے بلندیوں کے بادشاہ بھی اور اپنے مولا کریم اور سارے جہان کے تعریف کیے ہوئے بھی۔

★ جو اسلام کے احکام اور دشمنوں کے مکر کو ہر جاننے والے سے زیادہ جاننے والے ہیں۔

★ آپ طٰہٰ ہیں، خدا کی طرف بُلانے والے، رہنمائی کرنے والے ہیں۔

★ آپ میری رُوح کے محبوب بھی ہیں، مجھ پہ احسان فرمانے والے بھی، اور میرے دِل کے لیے ہدایت کے سُرورِ سرمدی بھی۔

★ مَیں آج آپ کی رحمت سے دشمنوں کے ہر دعوٰی اور ظُلمت کو مٹا رہا ہوں اور میں اُنہیں آپ کی محبّت اور آپ کے پرچم کی طرف بُلا رہا ہوں۔

★ حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو جو خدا تعالیٰ کے رسول ہیں اور جن پر اسلام کے احکام مکمّل ہو چکے ہیں۔

★ حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو جو خدا تعالیٰ کی تعریف کرنے والے، کائنات کے بزرگ اور سردار ہیں۔

★ حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو، جو نہایت پاکیزہ اور ہر کافر کے لیے عدل و انصاف کی تلوار ہیں۔

★ حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو جو کامل ہیں اور خدا کی بخشش کے اُٹھانے والے ہیں۔

★ حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو جو نیک ہیں، کائنات کی جائے پناہ اور ہر انسان کی اصلاح کرنے والے ہیں۔

★ حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو جو ساری خدائی سے اوّل، اور اپنے احوال کی سچّائی میں نہایت کامل ہیں۔

★ حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو، جو مسلمانوں کو بچانے والے اور اسرارِ خداوندی کا علم رکھنے والے ہیں۔

★ حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو جو سب سے بزرگ، بلندیوں کے صدر اور ہر حاکم کے حاکم ہیں۔

★ حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو، جو کائنات کے مالک و مختار، ہدایت کے گھر اور ہر ہلاک ہونے والے کے محافظ ہیں۔

★ خدا تعالیٰ کے رسول، کائنات کے امام پر سلام ہو، سلام ہو، سَلام ہو،

★ ہمیشگی کے ملک کے صدر اور آلِ اطہار پر سلام ہو، جب تک کہ عام لوگ اُس کی اطاعت کرتے رہیں۔

★ میں آپ کے حال پر صلوٰۃ بھیجتا ہوں اور آپ کی آلِ پاک کو سلام کرتا ہوں۔

۲۹

★ مَیں تمام سرداروں کے تعریف کیے ہوئے کی رُوح پُر فتوح کو سلام کرتا ہوں جو ہمارے مضبوط مددگار اور ہر اعلیٰ سے اعلیٰ ہیں۔

★ جن کا اسمِ گرامی حضرت احمدِ مجتبیٰ محمد مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) ہے۔ ایسا اسمِ گرامی کہ جس کی بزرگیوں اور بلندیوں کی حد نہیں ہے۔

★ جو رسولوں کے امام، ہر زمانے پہ احسان کرنے والے، عدل کے بادشاہ، اور ہر کمال کے تعریف کیے ہوئے ہیں۔

★ جو ہر علم کے اُستاد بھی اور اطاعت کیے ہوئے بھی، اور ہر حلال اور حرام کا علم رکھنے والے ہیں۔

★ جو مکّہ شریف کے رہنے والے، ہر چیز کی اصل والے، طٰہٰ سچے حکم والے اور ہر انجام کے مبارک ہیں۔

★ جو ہر شہر اور ہر جنگل کے پکارے ہوئے زمانے کے مددگار اور کائنات پہ بخشش فرمانے والے ہیں۔

★ جو ہر بخشش اور ہر علم کے مصدر ہیں، اور ملکِ اسلام کے نہایت عالی مرتبت حاکم بھی۔

★ جو اولادِ آدم کے بزرگ بھی ہیں اور مقصود بھی، ساری مخلوق سے مضبوط اور آلِ پاک کی بنیاد ہیں۔

★ جو ہر رُوح کے مُشکل کشا بھی ہیں، رُشد وہدایت کے سکول اور حق وصداقت کے تمام موتیوں کے حُسن وخُوبی بھی

★ جو ہمارے تمام وسائل اور کوششوں کے ناخدا بھی ہیں۔ حِلم کی چوٹی بھی، اور رحمتِ خداوندی پہ ناز کرنے پر مامور بھی۔

★ جو ہمارے تمام وسوسوں اور غموں کو مٹانے والے، ہر رُوح کی مُراد اور وصالِ خداوندی کے اُٹھانے والے ہیں۔

★ اگر آپ کا ظہورِ پُرسُرور نہ ہوتا، تو نہ خدا تعالیٰ کا پتہ چلتا اور نہ تمام جہان اور اونچے مرتبے کے لوگ پیدا کیے جاتے۔

★ خدا تعالیٰ نے آپ کو ایسے مقام کی سیر کرائی کہ جس کی انتہا نہیں ہے اور آپ کو اپنی شان کا مشاہدہ بھی کرایا۔

★ اللہ تعالیٰ نے آپ کا کمال اکرام فرمایا۔ آپ کو ہر خوبی سے نوازا اور سوال کے وقت آپ کی ہر آرزو کو پورا بھی فرمایا۔

★ میں آج آپ کو پکارتا ہوں، آپ کی حمد کرتا ہوں اور آپ ہی کی طرف دوڑ رہا ہوں، حالانکہ نہ مجھے کوئی علم ہے اور نہ دنیوی مال کی محبت۔

★ میں ساری کائنات کے جانے پہچانے کی رُوح پُرفتوح کو سلام کرتا ہوں - جو خداتعالیٰ کے رسول ہیں اور تمام اونچے لوگوں کے لیے سراپا بخشش بھی۔

★ جو اطاعت کیے ہوئے، تعظیم کیے ہوئے، چاہے ہوئے، مددگار، ہر زمانے کی مراد اور تمام اچھے لوگوں کے لیے خدا کی رسّی ہیں۔

★ جو رسولوں کے امام، بلند بخشش والے، ہدایت کی راہ اور وصالِ خداوندی کے راز ہیں۔

★ جو سچے حال والے، خدا کی تلوار، سوالیوں کی امداد کرنے والے اور احسان کرنے والے ہیں۔

★ جو تمام رُوحوں کو تعلیم دینے والے، مالک، اہلِ اسلام اور اہلِ حال کے تعظیم کیے ہوئے ہیں۔

★ جو تمام خوبیوں اور ہر علم سے آباد، تمام جہانوں پہ لکھے ہوئے اور اُن کے چاند ہیں۔

★ جو تمام علم و حلم والوں سے زیادہ علم والے اور کمال کے ہر زمانے کے سب سے بڑے حاکم ہیں۔

★ جو اولادِ آدم کے سردار، بادشاہ اور مُلکِ الہام ہیں واحد، اور نہایت بلند ہیں۔

★ جو ساری مخلوق کے لیے رحمت کی بارش، زمانے کے قلعے اور تمام دشمنوں پہ رحم کرنے والے اور اُن کے وارث ہیں۔

۳۱

★ مَیں تمام رہنماؤں کے تعریف کیے ہوئے کی رُوح پُر فتوح کو سلام کرتا ہوں، جو خدا کے رسول اور حق و صداقت کی تعمیر کرنے والے ہیں۔

★ جو علم اور بخشش کے اعتبار سے رسولوں کے شہنشاہ، ہمیشہ عدل والے اور ہر دشمن کے لیے خدا تعالیٰ کی تلوار ہیں۔

★ جو تمام ملکوں کے سہارا اور اہلِ محبّت پہ احسان و بخشش فرمانے والے ہیں۔

★ جو خدا تعالیٰ کی دعوت دینے والے، دعوت دیتے ہوتے، راہ دکھانے والے اور ہمیشہ دشمنوں کے ہر شک و شبہ کو مٹانے والے ہیں۔

★ جو ہر عمل اور ہر بات کے نیک، ہر ملک کے امام اور ہر جماعت کے تعریف کیے ہوئے ہیں۔

★ جو ہمارے تمام مددگاروں اور ناخداؤں کے سوال کیے ہوئے محبّت کے قلعہ اور ہر مُراد کے حاصل کیے ہوئے ہیں۔

★ جو تمام جہانوں پہ احسان فرمانے والے، میری رُوح کے سکون، ہر علم کے گھر اور ہر گھر کے جانے پہچانے ہیں۔

★ میں ہر کلام کا علم رکھنے والے کی رُوح پُرفتوح کو سلام کرتا ہوں، جو ہر زمانے کے امام اور عام لوگوں کے جانے پہچانے ہیں۔

★ خداتعالیٰ کے رسول تمام اُونچے لوگوں کے تعریف کیے ہوئے ہر علم کے عالم اور مقصود ہیں۔

★ تمام رسولوں اور اُمتوں کے اطاعت کیے ہوئے، مددگار، حضرت جبرائیل علیہ السّلام کی مُراد اور خداتعالیٰ سے ملے ہوتے ہیں۔

★ مکّہ شریف والے، ہر چیز کی اصل والے، اسلام کے رہنما اور ہر تاریکی کے مٹانے والے ہیں۔

★ تمام رازوں اور حکمتوں کے اُٹھانے والے، ہر زمانے کے مددگار، اور شمشیرِ تاب دار ہیں۔

★ جو عِشق ومحبت کے تمام قیدیوں اور مستوں کے تعریف کیے ہوئے اور تمام پاک لوگوں اور تمام ناموں میں نہایت روشن ہیں۔

★ میری رُوح آپ کی غلام بھی ہے اور آپ کی ثناء گو بھی اور میں آج عام لوگوں کو آپ کے عِشق ومحبت کی دعوت دیتا ہوں۔



۳۳

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں، جو ساری خُدائی سے اوّل بھی ہیں اور اُس کے رسول بھی۔

★ میں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں جو ساری خدائی سے کامل بھی ہیں اور عادل بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں، جو خدا تعالیٰ سے ملنے والے بھی ہیں اور اُس کے عشق و محبت کو اُٹھانے والے بھی۔

★ مَیں حضرتِ احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں، جو خدا تعالیٰ کے سَوالی بھی ہیں اور محتاج بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں، جو اہل و عیال والے بھی ہیں اور شہنشاہ بھی۔

★ مَیں حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں جو کائنات کی جائے پناہ بھی ہیں اور اُمّید کی جگہ بھی۔

★ مَیں حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود وسَلام بھیجتا ہوں جو سُرمگیں آنکھوں والے بھی ہیں اور نہایت کامل بھی۔
★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود وسَلام بھیجتا ہوں جو نہایت نیک بھی ہیں اور سخی بھی۔
★ مَیں حضرت احمد مجتبےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود وسلام بھیجتا ہوں جو خدا تبارک وتعالیٰ کی تعریف کرنے والے بھی ہیں اور زمانے میں نہایت روشن بھی۔
★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود وسلام بھیجتا ہوں جو نہایت بلند مرتبہ بھی ہیں اور چمکنے والے بھی۔
★ مَیں حضرتِ احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود وسَلام بھیجتا ہوں جو درود وسلام کو سننے والے بھی ہیں اور وسعت والے بھی۔
★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود وسلام بھیجتا ہوں جو زمانے کے دانشور بھی ہیں اور فصیح وبلیغ بھی۔
★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود وسلام بھیجتا ہوں، جو خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں جھکنے والے بھی ہیں اور فرماں بردار بھی۔
★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود وسلام بھیجتا ہوں، جو خدا تعالیٰ کے پاک وصاف راستہ بھی ہیں اور دانشور بھی۔
★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود وسلام بھیجتا ہوں جو نہایت پاکیزہ بھی ہیں اور سب سے بڑے حاکم بھی

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو آباد کرنے والے بھی ہیں اور لامکاں کی سیر کرنے والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں، جو نہایت پاکیزہ بھی ہیں اور راتوں کو جاگنے والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں، جو کائنات کے سردار بھی ہیں اور خدا تعالیٰ کی حمد کرنے والے بھی۔

★ میں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں، جو اوصاف و کمالات میں واحد بھی ہیں اور حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے والدِ محترم بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو ہر کارِ خیر کا قصد فرمانے والے بھی ہیں اور خدا تعالیٰ کی طرف لوٹنے والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود و سلام بھیجتا ہوں، جو ساری خدائی سے نیک بھی ہیں، اور ہمیشہ رہنے والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں، جو شب بیدار بھی ہیں اور زمانے میں یگانہ بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو بیدار بھی ہیں نہایت مضبوط بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں، جو خدا تعالیٰ کی خبر دینے والے بھی ہیں اور میزبان بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو کریم بھی ہیں اور خدا تعالیٰ کے سب سے بڑے نشان بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود و سلام بھیجتا ہوں، جو مُسلمِ اوّل بھی ہیں اور الہام کرنے والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں، جو تعظیم کیے ہوتے بھی ہیں اور نہایت مضبوط بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو سب سے بڑے حاکم بھی ہیں اور سب سے زیادہ رحم کرنے والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو سب سے بڑے بزرگ بھی ہیں اور سب سے زیادہ علم والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو بڑے علم والے بھی ہیں اور حُکم والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو بچانے والے بھی ہیں اور سب سے بڑے بہادر بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود وسلام بھیجتا ہوں جو روزہ دار بھی ہیں اور ہمیشہ رہنے والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو کامل بھی ہیں اور بہادر بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں، جو

کائنات کے مالک و مختار بھی ہیں اور بارگاہِ الٰہی کے سالک بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو غلاموں کو بادشاہ بنانے والے بھی ہیں اور ہر چیز کی حقیقتِ حال کو پہنچنے والے بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہوں جو دین و دُنیا کے محافظ بھی ہیں اور جنگوں میں دلیر بھی۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تمام اسمائے طیبہ اور آپ کی تمناؤں پر صلوٰۃ و سلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ہر بخشش اور ہر حفاظت پر درود و سلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسلام کی سچائی اور آپ کے ہر احسان واکرام پر درود و سلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہر احرام باندھنے اور خبر دینے پر درود و سلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہر نشان اور آپ کی حیاتِ طیبہ کے ہر سال پر درود و سلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرتِ احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہر حکمِ مبارک اور عہد کی

پختگی پر درُود وسَلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرتِ احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہر حال اور ہر راز پر درُود سَلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہر زمانے اور ہر شب بیداری پر درود وسلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تمام احوال واعمال پر درود وسلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بادشاہوں کو خطوط بھیجنے اور ہر فخر وناز کرنے پر درود وسلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے فقیروں کو بادشاہ بنانے اور آپ کے ہر شعور وادراک پر درود وسلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہر احساس اور آپ کی بارگاہ

عالم پناہ کے ہر ہیرے پر درود و سلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرتِ احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے ہر قابلِ تعریف ہونے اور آپ کی ہر صداقت پر درود و سلام بھیجتا ہوں۔

★ مَیں حضرت احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی ہر امداد اور ساری اولادِ اطہار پر درود و سلام بھیجتا ہوں۔

دربارِ مصطفویہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم - مرتضویہ رضی اللہ عنہ - اویسیہ رضی اللہ عنہ - حسینیہ رضی اللہ عنہ - نقویہ رضی اللہ عنہ

صدریہ رضی اللہ عنہ - بدریہ رضی اللہ عنہ - قادریہ رضی اللہ عنہ - صابریہ رضی اللہ عنہ - قلندریہ رضی اللہ عنہ

حق حق حق ھو ھو ھو

تمّت بالخیر

کتبہٗ: محمد عاشق حسین ہاشمی، چنیوٹ

کہتے ہیں تجھے، اہلِ قلم غائبانہ کیا

شیخ العُلُوم حضرت عَلّامہ صَاحبزادہ
پیر سَیّد مُحمّد امین علی شاہ صَاحب نقوی
اَدَامَ اللہُ تعَالیٰ ظِلَّہٗ


کے عِلم و فن، شعر و ادب اور شخصیّت کے

حوالے سے اہلِ عِلم کے

تاثّرات!

مُحمّد اقبال خاکی القادری

کانَ اللہُ لَہٗ


حق ھو
اللہ بھی لا شریک محمدؐ بھی لا شریک
فلک تیرے مقابل میں زمیں ہے
کوئی شاعر ترا ثانی نہیں ہے
فقط اوصاف جانے ہے کہ تو ہی
سیادت کے غزل کا امیں ہے
جناب اوصاف نقوی
علی پور ضلع مظفر گڑھ

اظہارِ خیال

پروفیسر سیّد خورشید حسین بخاری صاحب ایم اے اُردو،
ایم اے فارسی، ایم او ایل، ایل ایل بی، استاد زبان و ادبیات،
گورنمنٹ ڈگری کالج، شیخوپورہ، پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ - اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ہ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اجمعین ہ

حضور نبی کریم، رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف و توصیف ہر مُسلمان کا شیوہ رہا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ خود اپنے محبوب کی تعریف کرتا ہو، اور اہلِ ایمان کو اپنے محبوب صلیّ اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف کرنے اور اس پر درود بھیجنے کی تلقین کرتا ہو، تو پھر کون ہے جو رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی تعریف میں رطب اللّساں نہ ہو؟ چنانچہ بعثتِ نبوی سے لے کر آج تک ہر مسلمان اپنی بساط بھر رسول اللہ صلیّ اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف کر رہا ہے۔ اہل علم وفضل نے نظم ونثر میں کبھی سادہ اور کبھی رنگین الفاظ میں اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے۔ یہ سادگیٔ عبارت یا رنگینیٔ الفاظ اپنے جلوے میں ایک مخصوص انداز اور ایک منفرد ادا لیے ہوتے ہوتی ہے، کیونکہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس کوئی معمولی بارگاہ نہیں، یہ تو ؎

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر
نفَس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا! (عزت بخاری)

ادبیات میں نعت گوئی کا آغاز، رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے سے ہی ہو گیا تھا اور وقت کے ساتھ اس میں گہرائی اور گیرائی اور وسعت پیدا ہوتی چلی گئی۔ عربی، فارسی اور اردو ادب کے شعراء نے بالخصوص نعت کے چمنستانِ بوقلموں میں عقیدت کے گُل بوٹے کھلائے ہیں اور اپنی جدتِ طبع کے جوہر دکھلائے ہیں۔ دورِ جدید کے نعت گو شعراء میں سیّد محمد امین نقوی ــــ فقیرِ دربارِ حیدری ــــ متخلّص بہ علی ــــ عرصہ نعت گوئی میں ایک نئی آواز بن کر اُبھرے ہیں۔ ان کی نعتوں کے دو مجموعے ــــ "محمّد ہی محمّد" اور "عشقِ محمّد" (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) ــــ اہلِ علم وادب سے خراجِ تحسین وصول کر چکے ہیں۔

"محمّد ہی محمّد" صلی اللہ علیٰ روحہٖ وآلہٖ وسلم ــــ نقوی صاحب کا پہلا نعتیہ مجموعۂ کلام ہے۔ اس کتاب نے نقوی صاحب کو گوشۂ انزوا سے نکالا ہے اور علمی، ادبی حلقوں میں متعارف کروایا ہے۔ یہ تعارف روایتی تعارف نہیں ہے۔ اس کتاب نے اہلِ علم کو چونکا دیا ہے۔ بلاشبہ اس کتاب میں نعت کو موضوعِ سُخن بنایا گیا تھا، مگر اس کی انفرادیت یہ تھی کہ اس سارے مجموعۂ کلام میں صنعتِ غیر منقوطہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ صنعتِ غیر منقوطہ کی خصوصیّت یہ ہے کہ کلام میں ایسے الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے، جو بغیر نقطہ کے ہوں۔ گویا اس صنعت کے لیے حروفِ تہجیّ کے وہ الفاظ نکال دیئے جاتے ہیں، جن پر نقطے ہوتے ہیں۔ یوں تینوں زبانوں ــــ اردو، فارسی اور عربی ــــ میں حروفِ تہجیّ کی تعداد گھٹ کر صرف پندرہ ("گ" کو ملا کر سولہ) رہ جاتی ہے۔ ان پندرہ یا سولہ حروفِ تہجیّ کو استعمال کرتے ہوئے یقیناً مطلب کی ادائیگی میں خلط مبحث ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس

لیے اس صنعت کو صنعتِ مُہمَلَہ یا صنعتِ عَاطِلَہ بھی کہا جاتا ہے۔ یاد رہے دونوں الفاظ
یعنی مُہمَلَہ اور عَاطِلَہ کا مطلب سُست اور کاہل کے ہیں اور مُہمَلَہ کا معنیٰ غیر منقوطہ
بھی آیا ہے۔ خیر ــــــــ! یہ معانی و مفاہیم تو صنعتِ غیر منقوطہ کی تعریف تک
محدود تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ دیگر صنائع بدائع کی طرح صنعتِ غیر منقوطہ کا استعمال بھی
فنکار کی چابک دستی اور مشّاقی پر منحصر ہوتا ہے۔ ایک اچّھا فن کار اس سے ویسے ہی
مفاہیم و مطالب اخذ کر سکتا ہے اور قاری تک پہنچا سکتا ہے جیسا کہ ایک فن کار دیگر
صنائع کے استعمال سے کر سکتا ہے۔ اس میں صنعت کی ہیئت، حیثیت، کمیّت،
وسعت یا تنگ دامانی کا کوئی دخل نہیں ہوتا، بلکہ فن کار کے تخیّل پر اس بات کا انحصار
ہوتا ہے کہ وہ اسے کس جذبے سے استعمال کرتا ہے اور ادائے مطلب کے لیے الفاظ
کے کونسے پیرہن اس کے خیال پر موزوں ہو کر شعر کے جلوے میں ظاہر ہوتے ہیں۔
ایک معمولی فنکار اچھی سے اچھی روایت سے بھی فائدہ نہیں اُٹھا سکتا، جبکہ
اعلیٰ فنکار اپنے لیے نئی راہیں منتخب کرتا ہے اور معمولی سے معمولی افکار کو تخیّل کے
پروں پر اس طرح لے اڑتا ہے کہ یہ فن کا اعلیٰ نمونہ تسلیم ہونے لگتے ہیں۔ ویسے بھی میں
سمجھتا ہوں کہ یہ بحث سرے سے فضول ہے کہ صنعتِ غیر منقوطہ خیالات کو محدود،
مضامین کو بے رنگ اور محاکات کو بے معنی بنا دیتی ہے کیونکہ شاعر تلمیذ الرحمٰن
ہوتا ہے اور اُسے صنعت، بحر اور مضمون کے انتخاب پر اختیار نہیں ہوتا۔ یہ چیزیں
تو اس کے دل و دماغ پر القا ہوتی ہیں اور بے اختیار ہوتی ہیں، اس لیے صنعتِ غیر منقوطہ کا
استعمال بھی اختیاری نہیں، اضطراری ہوتا ہے۔

میں نے اوپر کہا ہے کہ صنعتِ غیر منقوطہ، ایک دلچسپ صنعت ہے اور یہ
فنکار کے استعمال پر منحصر ہے کہ وہ اس سے کس طرح کام لیتا ہے۔ بلاشبہ فنکار پندرہ
یا سولہ حروف کی حدود میں محدود ہو کر رہ جاتا ہے، لیکن اچھا فنکار انہی پندرہ سولہ
حروف کے ذریعے ایک جہانِ معنیٰ پیدا کر لیتا ہے۔ قارئین بھی ایسے بدذوق نہیں

ہوتے کہ وہ نئی ہیئت اور نئے تجربے کی داد میں بخل سے کام لیں۔ قارئین تو ایسے نوادر کے لیے چشم براہ ہوتے ہیں اور انہیں ہاتھوں ہاتھ لیتے ہیں اور نقاد ان کی قدر و قیمت کا اندازہ کرتے ہیں۔ سیّد محمّد امین نقوی نے صنعتِ غیر منقوطہ ہی کو نعتِ سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے منتخب کیا ہے اور اس میں جولانیٔ طبع کے جوہر دکھائے ہیں۔ اس صنعت میں موصوف کا نعتوں کا ایک مجموعہ — "محمّد ہی محمّد" صلی اللہ علیٰ روحہٖ وآلہٖ وسلم — طبع ہو کر اہلِ علم و دانش سے خراجِ تحسین حاصل کر چکا ہے، اس میں سے چند اشعار قارئین کی ضیافتِ طبع کے لیے پیش کئے جاتے ہیں ؎

امامِ ملکِ اماں لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللہ
کلامِ اہلِ لِساں لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللہ

اُسی سے ہر دلِ عالم کو ہے سُرور و سُکوں
مہک اُٹھا ہے سماں لا الٰہ الا اللہ

لِوائے راہِ اماں لا الٰہ الا اللہ
دلِ عدا کو گراں لا الٰہ الا اللہ

عطائے دہر، دِلائے رُسُل، دُعائے اُمم
سِوائے اس کے کہاں لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللہ

اسی کا اسمِ گرامی ہے دردِ دِل کی دوا
عطا کا کوہِ گراں لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللہ

رہِ اسلام کا عامل رہوں اور
مَرُوں سرکار کی مہر و وِلا سے

رہے دِل والۂ رُوئے محمّد
سدا عاری رہوں حرص و ہوا سے

رسُولوں کے سردار آئے محمّد　　کلامِ الٰہی کو لائے محمّد

محمّد طاہر، اطہر اور مطہّر　　محمّد کامگارِ ہر دُعا ہے

سرور و مولائے کُل، مہرِ رُسل　　ہادیٔ ہر دور ہے اس کا کلام
ہوں اُسی کی رُوح کو لاکھوں سلام

کلامِ محمّد، کلامِ الٰہ ہے　　کہو ہر دو درود و سلام اللہ اللہ

کلامِ الٰہ ہے، کلامِ محمّد　　حُسامِ الٰہ ہے حسام محمّد

ہے عالم کا سرور محمّد محمّد　　مکارِم کا مصدر محمّد محمّد

محمّد ہی مولا کی صمصام ہے　　محمّد ہی سالارِ اسلام ہے

یہ تو صرف چند اشعار، بلا تبصرہ ہیں، جو نمونہ کے طور پر یہ دکھانے کے لیے دیئے گئے ہیں کہ سیّد محمّد امین نقوی کے ہاں صنعتِ غیر منقوطہ نے کیا رنگینی پیدا کی ہے، کس جمال کے ساتھ غیر منقوطہ الفاظ خود قلم کی نوک پر آجاتے ہیں اور کلام میں مذکورہ صنعت کے جلوے میں دیگر صنائع بدائع کس خوبی سے اپنا مقام بناتے جاتے ہیں ورنہ "محمّد ہی محمّد صلی اللہ علیٰ روحہٖ و آلہٖ وسلم کے ہر صفحے کا ہر شعر اور ہر شعر کا ہر لفظ اپنی نظیر آپ ہے ——— کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

یہی کمال شاہ صاحب کی زیرِ نظر تصنیف "مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ" میں پایا جاتا ہے۔ یہ کتاب ـــــ "مُحَمّد ہی مُحَمّد" صلی اللہ علیٰ رُوحہٖ و آلہٖ وسلّم کے برعکس بجائے اُردو کے عربی زبان میں لکھی گئی ہے۔ شاہ صاحب یہ دعویٰ کرنے میں حق بجانب ہیں کہ "پندرہ صدیوں میں پندرہ حروفِ تہجّی پر مشتمل نعت گوئی کے حوالے سے عربی ادب کی اوّل اور واحد کتاب ہے جس کے کسی حرف پر کوئی نقطہ استعمال نہیں ہوا۔" شاہ صاحب کے سامنے جہاں بڑا مقصد عظمت و رفعتِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بیان کرنا ہے، وہاں آپ اتحاد بین المُسلمین کے داعی بھی ہیں۔ آپ اتحاد بین المسلمین کی کامیابی اس راز میں مضمر سمجھتے ہیں کہ ملّتِ بیضا، تفرقہ بازی سے بالا ہو کر اللہ جلّ جَلَالُہٗ کی رسّی کو مضبوطی سے تھام لیں۔ اس کے ساتھ ساتھ جعلی نبی مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے مزعومہ مذہب کی مذمّت بھی کرتے ہیں، وہ اس فتنہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے قائل ہیں۔ شاہ صاحب کے ان خیالات کی جھلک ان کے "کلمۂ اوّل" یعنی زیرِ نظر تصنیف کے دیباچے میں مل جاتی ہے۔ ایک مقام پر شاہ صاحب قادیانی مذہب کے امام اور بالخصوص اس کے مزعومہ نبی کی جہالت کو للکارتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ مرزا طاہر قادیانی اپنے علم و فضل کے باوجود ان دونوں کتابوں "مُحَمّد ہی مُحَمّد" صلی اللہ علیٰ رُوحہٖ وآلہٖ وسلم اور ـــــ "مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ" کا ایک سال تک منظوم اور غیر منقوط جواب لکھ کر مُلک میں شائع کر دیں، تو جانیں!

اپنے پیش لفظ میں سیّد محمّد امین نقوی نے فرقۂ قادیانیہ کے بانی مرزا غلام احمد قادیانی کے اُن دعاوی کا ذکر بھی کیا ہے، جو اُس نے اپنی علمیّت کے سلسلے میں کئے ہیں۔ شاہ صاحب نے قادیانی مذکور کے دعاوی کا جواب دینے کے لئے دلائل و براہین کے انبار نہیں لگائے، بلکہ جو دعویٰ کیا ہے، اس کے قضیئے

کے طور پر یہ تصنیف پیش کر دی ہے کہ اس سے بڑھ کر تو کجا اس کے مماثل ہی لکھ کر دکھا دو !! اور یہ تصنیف کیا ہے ——— نعتِ پاک کے گلہائے سر سبد ہیں جو شاہ صاحب نے سرکارِ دو عالم رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دربار گوہر بار کی چوکھٹ پر نثار کیے ہیں۔

علامہ سید محمد امین نقوی کے ہاں تخیّل کی فراوانی اور مضامین کی ارزانی ہے۔ مضامین کے پرے کے پرے بندھے چلے آتے ہیں، ان کے اظہار کے لیے الفاظ ہاتھ باندھے آموجود ہوتے ہیں اور اشہبِ تخیّل انہیں لے کر بارگاہِ نبوی علیہ السّلام میں حاضر ہو جاتا ہے۔

صنعتِ غیر منقوطہ میں، جیسا کہ اس سے پہلے بھی عرض کر چکا ہوں، الفاظ کی ہیئت بدلتی ہے، معانی نہیں بدلتے۔ اگر اہلِ علم و دانش مترادفات کی حقیقت سے واقف ہیں، تو اس بات کو تسلیم کریں گے کہ الفاظِ غیر منقوطہ، در اصل دیگر الفاظ کے مترادفات کے طور پر ہی استعمال ہوتے ہیں، مثلاً: خبر کے لیے آگہی، پہلے کے لیے اوّل، دشمن کے لیے عدو، نمونہ کے لیے اُسوہ، خاندان کے لیے اُسرہ، غم کے لیے اَلم، تعریف کے لیے حمد، بلانے والے کے لیے داعی، جہان کے لیے عالم ——— اسی طرح سینکڑوں نہیں، ہزاروں الفاظ ایک دوسرے کے مترادف کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ اس طرح مَطلب خلط ملط ہوتا ہے، نہ معانی میں فرق آتا ہے، مفہوم بھی بآسانی ادا ہو جاتا ہے اور سمجھنے میں بھی دقّت نہیں ہوتی ——— اور پھر الفاظ تو ایک عام آدمی کو نو واردِ اقلیمِ سخن کو، تلاش کرنا پڑتے ہیں، مگر جس شخص کا سبینہ عشقِ الٰہی سے سرشار ہو اور جو فنا فی الرّسول ہو کر آستانۂ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر کھڑا مدح سرائی میں مصروف ہو، اُسے تفحّصِ الفاظ کی ضرورت نہیں ہوتی، اس کے یہاں تو الفاظ خود بخود

کھنچے چلے آتے ہیں، وہ تو خود بارگاہِ نبوی علیہ الصّلوٰۃ والسّلام میں حاضری کے متمنّی ہوتے ہیں اور اظہارِ مدّعا کے لیے زبانِ قلم پر چلے آتے ہیں اور خود کہتے ہیں کہ ہم ہی ہیں، جو آپ کے مافی الضمیر کو بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کریں گے کہ یہ سعادت ہمارے مقدّر میں ہونی چاہیئے۔ ایسے الفاظ میں مسابقت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اور جاندار الفاظ شاعر کے ذہن پر قبضہ جما لیتے ہیں۔ سیّد محمّد امین نقوی کے یہاں یہی کیفیّت ہے۔ شاہ صاحب کے یہاں غیر منقوط الفاظ کا وفور ہے۔ ایک طرف تو شاہ صاحب کے یہاں ہر ایک نعتِ پاک میں، شاہ صاحب کے دلی جذبات اور ارمان مچلتے نظر آتے ہیں اور دوسری طرف کوئی لفظ زائد تو کیا اجنبی تک نظر نہیں آتا۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ ہر لفظ اپنے مخصوص انداز کے ساتھ اسی مقصد کے لیے وضع ہوا تھا، جس کے لیے اُسے استعمال کیا گیا ہے۔

سیّد محمد امین علی نقوی کے قلم سے نکلی ہوئی یہ نعوتِ پاک کیا ہیں، بس دلی جذبات واحساسات کا مُرقّع ہیں جو شاعر نے بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم میں پیش کر دیئے ہیں اور انہیں ان الفاظ نے دائمی زندگی عطا کر دی ہے، جو اِن نعوتِ پاک میں استعمال ہوتے ہیں۔ ہر لفظ گوہرِ آبدار، ہر خیال پُروقار، ہر شعر پُربہار اور ہر نعت دُرِّ تابدار ——— دِل چاہتا ہے کہ ایک ایک شعر کے مطالب ومحاسن بیان کرتا چلوں اور کلام کے کمال کے نمونہ دکھاتا جاؤں مگر طوالتِ مضمون کا خوف اس امر سے مانع ہے۔ تاہم حسبِ ذیل اشعار دیکھئے، بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضری کے جذبے سے اپنے قلب و رُوح کو سرشار کیجیے اور پھر ان اشعار کا لُطف اُٹھائیے۔



ٱلْحَمْدُ لِلّٰهِ الأَحَدْ
مَوْلَى الْعَوَالِمِ وَالصَّمَدْ

وَلَهُ الْمَسَائِلُ كُلُّهَا
وَلَهُ الْوَسَائِلُ وَالْمَدَدْ

أَعْطَاهُ عِلْمًا كَامِلًا
أَسْرَى إِلَى مَا لَا عَلِمْ

كَامِلُ كُلِّ الْمَحَامِدِ وَالْعُلَى
مُدْرِكُ الأَحْوَالِ عَاصِمُ سَاتِرْ

رَسُولُ اللهِ جَمَالُ الْكَمَالِ
وَدَاعٍ لِلْعَوَامِ إِلَى الْحَلَالِ

مُكَرَّمٌ مُسْلِمٌ حُكْمًا وَعِلْمًا
مُؤَمَّلٌ وَاحِدٌ مَوْلَى الْمَوَالِي

رَسُولُ اللهِ مَعْصُومٌ إِمَامٌ
حِصَانٌ مُحْكَمٌ وَلَهُ الدَّوَامُ

موجودہ سال کے دَوران، یہ دوسری اور گزشتہ چار سالوں کے دوران یہ چوتھی کتاب ہے جو سیّد محمد امین نقوی کے قلم سے نکل کر تشنگانِ علم وادب کی پیاس بجھا رہی ہے۔ اس عرصے میں شاہ صاحب کے فکر و فن نے نقادانِ فن کو متاثر کیا ہے۔ شاہ صاحب کے زبان و بیان اور تخیل کی پختگی ان کے مُسلّم الثبوت اُستاد ہونے کے لیے کافی ہے۔ ہمیں توقع رکھنا چاہیے کہ شاہ صاحب اسی لگن اور جذبہ کے ساتھ ہمیں اپنے ساتھ روحانی طور پر اپنے رشحاتِ قلم کے ذریعے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے دربارِ اقدس میں لے جاتے رہیں گے اور یُوں ہمارے دُکھّی دلوں کے لیے اُلفت ورأفت کا سامان پہنچاتے رہیں گے۔ میری دِلی دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ـــــ اپنے حبیبِ پاک صاحبِ لولاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے طفیل زیرِ نظر مجموعے کو بقائے دَوام کے دربار میں جگہ دے اور شاہ صاحب قبلہ کی یہ کوشش دربارِ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم میں منظور و مقبول فرمائے، آمین ثمّ آمین بجاہِ سیّد المرسلین صلّی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین

ننگِ اسلاف

پروفیسر سیّد خورشید حسین بخاری ایم اے اردو، ایم۔اے فارسی، شعبۂ فارسی
گورنمنٹ ڈگری کالج، شیخوپورہ

۱۲، شعبان المعظم
۱۴۲۶ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلتَّقرِیظ

لِاُستاذِ العُلَماءِ مَولانا غلام رَسُولِ الرِّضوِیّ
شیخ الحَدِیث بِالجامِعَةِ الرِّضوِیّه، فیصل آباد

اِستَوعَبتُ حَدِیقَةَ الالفَاظِ الغَیرِ المَنقُوطَةِ فِی مِدحَةِ نَبِیِّ الاُمَّةِ۔ فَقَد غَاصَ المُحتَرمُ السَّیِّدُ الاَمِینُ النَّقوِیُّ الصَّهوَاءَ فَاَخرَجَ مِنهُ اللّآلِیَّ المُصَفَّاةَ فَهُوَ الطَّرَّاقُ المُضِیُٔ بِالبُعَدَاءِ زَادَهُ اللّٰهُ شَرَفًا فِی الوَرٰی وَ اَنَا اُحَسِّنُهٗ عَلٰی تَرتِیبِ الاَلفَاظِ الغَیرِ المَنقُوطَةِ لَم یُرمِثلُهٗ فِی الاَوَّلِینَ وَفِی الاٰخِرِینَ فَهٰذا حَظُّهُ الوَافِرُ فِی الثَّنَاءِ الاَسنٰی حَیثُ رَاعَ قَصدَهٗ فِی المَبدَءِ وَالمُنتَهٰی فَاَظهَرَ مَزهَرَ مِدحَتِهٖ فِی المَلَاَ الاَعلٰی وَفِی السَّمٰوٰتِ العُلٰی فَاِنَّ ثَنَاءَهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَبلُغُهٗ فِی اَیِّ مَحفَلٍ یُدعٰی۔ اَللّٰهُمَّ بَارِك فِی عِلمِهٖ وَفَضلِهٖ مَا دَامَ غَدَا وَرَاحَ وَتَكَلَّفَ وَاستَرَاحَ۔

غلام رسول رضوی



(ترجمہ)

تقریظ


استاد العلماء حضرت علامہ غلام رسول رضا...

...شیخ الحدیث جامعہ رضویہ فیصل آباد

...کتاب کا غور و فکر سے مشاہدہ کیا، تو یوں معلوم ہوا کہ نقوی صاحب
...کر صاف و شفاف موتی نکالے ہیں۔ گویا نقوی
...الستارہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کائنات عالم میں آپ کا
...ہیں نقوی صاحب کو عربی کلام کی غیر منقوط کتاب
...خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جس کی اولین و آخرین میں کوئی مثال
...نقوی صاحب کی خصوصیت یہ ہے کہ آپ نے اپنی کتاب میں
...اور ایک مقصد کی حفاظت فرماتے ہوئے فرشتوں
...کا گلشن کھلا دیا ہے، کیونکہ حضور سید عالم نبی مکرم
...کی مدح و ثنا جس بھی محفل میں کی جاتی ہے وہ حضور
...اور رہتی ہے ــــ دعا ہے کہ اے اللہ! نقوی صاحب
...صبح و شام اور ہر حال میں برکت فرما ــــ آمین!

غلام رسول رضوی

۱۴۱۰ھ



التاثرات المنظومه

لأستاذ العلماء مولانا فيض احمد المفتي بالجامعة الغوثية گولڑہ شریف

نَحمدُ [illegible] ل — له وصف التقدس والتعالي

هو الحي سميع — بصير عالم للخلق والي

هو الخلاق فعال لما شاء — هو الرزاق كلا كالعيال

مجيب للدعاء ومستعان — مغيث الكل عند الابتهال

له تدبير ما في الكون من شيء — له تصريف أحوال بحال

ومن يشفع لديه فبعد إذن — ويؤذن للذين هم الأهالي

فلا معبود إلا الله حقا — تنزه عن شريك والمثال

سبحان الذي أسرى بعبده — الكرمة بمعراج الكمال

وفضله على الكونين شرفا — ونوره بأنوار الجمال

فصلى الله عليه وآله البر — صلوة بالسلام على التوالي

لقد جاء الأمين السيد الخير — بنظم عن نقاط اللفظ خالي

وهذا فيض أبناء كرام

لكون الولد سر للأعالي

اشارہ ہے بے نقط لفظوں میں بھی یہ — وہ ہر عیب سے ہیں ورا اللہ اللہ

امیں شاہ کو بابِ علمِ نبی سے — ہوئی ہے امانت عطا اللہ اللہ

حضرت فیض احمد چشتی گولڑوی مدظلہ

تاثّرات

حضرت علامّہ مفتی مولانا فیض احمد فیض شیخ الحدیث جامعہ غوثیہ گولڑہ شریف

(۱) اللہ ربّ العزّت کی حمد سے جو ہر نقص و عیب سے پاکیزہ بھی ہے اور اعلیٰ بھی۔
(۲) وہ ارادہ کرنے والا، قدرت والا، ہمیشہ زندہ، سب کی سُننے والا، دیکھنے والا اور ساری مخلوق کا وارث و مالک ہے (۳) ہر چیز کا بنانے والا، اپنے ارادہ سے سب کچھ کرنے والا، اور کائنات کو اپنے کنبے کی طرح روزی دینے والا ہے (۴) سب کی دعاؤں کو قبول کرنے والا، مدد چاہا ہوا، اور عجز و ندامت سے مانگنے والوں کا فریاد رس ہے۔
(۵) کائنات میں ہر شے کی تدبیر اور مخلوق کے حالات کو مختلف طور پر بدلنا حقیقت میں اسی کا کام ہے (۶)، بھلا اس کے ہاں اس کی اجازت کے بغیر شفاعت کرنے کی کون جسارت کر سکتا ہے۔ ہاں محبوب و مقبول بندے، شفاعت کرنے کے مجاز ہوں گے (۷)، سچّی بات تو یہ ہے کہ اس کی ذاتِ اقدس کے بغیر کوئی بھی عبادت کے لائق نہیں ہے، وہ لا شریک بھی ہے اور بے مثال بھی (۸) پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بے مثال بندے کو لامکاں کی سیر کرائی اور ہر کمال سے اسے نوازا۔
(۹) اور انہیں ہر دو عالم پر فضیلت بخشی اور اپنے جمالِ جہاں آرا سے منوّر و مُشرّف فرمایا ہے (۱۰) اللہ تعالیٰ حضور پر اور آپ کی آل پاک پر لگاتار صلوٰۃ و سلام بھیجتا رہے۔
(۱۱) علاّمہ سیّد محمّد امین علی شاہ نقوی آج اِس گئے گزرے دَور میں ایک منظوم اور غیر منقوط کتاب عربی ادب میں نئے انداز سے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں (۱۲) کیوں نہ ہو یہ تو نقوی صاحب پر آپ کے آباؤ اجداد اہل بیتِ اطہار علیہم السّلام کی عطا ہے اور ان کا کرم اس لیے کہ لائق فرزند اپنے بزرگوں کا راز ہوا کرتا ہے۔

تقریظ

(حضرت علامہ محمد عبدالرؤف فاروق، چنیوٹ ضلع جھنگ)

وَاللہِ قَدْ فَاقَ الوَرٰی بِکَمَالِہٖ
وَلَمَا اَتیٰ دَھْرٌ بِمِثْلِ مَقَالِہٖ

اَلْعِلْمُ مِنْ خُدَّامِہٖ بَیْنَ الوَرٰی
کَیْفَ الوُصُوْلُ اِلیٰ حُدُوْدِ خِیَالِہٖ

اَلْقَمَرُ مِنْ حُسَّادِہٖ فَوْقَ السَّمَاءِ
حَارَ النُّجُوْمُ عَلیٰ وَفُوْرِ جَمَالِہٖ

ذَاکَ الْاَمِیْنُ لِعِشْقِ خَتْمِ الْاَنْبِیَاءِ
حَتّٰی اَشَارَ اِلَیْہِ رِفْعَۃُ حَالِہٖ

قُلْ اَیُّھَا الْفَارُوْقُ اَھْلُ فَصَاحَۃٍ
قَامُوْا عَلیٰ اَرْجَاءِ بَحْرِ نَوَالِہٖ

میں خدا تعالیٰ کی قسم اٹھا کر کہتا ہوں کہ نقوی صاحب اپنے علمی و ادبی کمالات کی بنا پر تمام اہلِ علم لوگوں سے سربلند ہو چکے ہیں، کیونکہ زمانہ اُن کے کلام کی مثل پیش کرنے سے عاجز ہے۔ بھلا کیوں نہ ہو جبکہ علم تو نقوی صاحب کا ایک خادم ہے، تو پھر آپ کے افکار و خیالات کی حدود کو کوئی کیسے پا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چاند نقوی صاحب پر رشک کر رہا ہے اور ستارے ان کے قلمی حسن و جمال پر حیران و ششدر ہو رہے ہیں۔

سچی بات تو یہ ہے کہ نقوی صاحب عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے امین ہیں، یہاں تک کہ اس حقیقت کی طرف ان کے حال کی بلندی بھی اشارے کر رہی ہے۔

اے فاروق تو کہہ دے کہ بڑے بڑے فصیح و بلیغ لوگ نقوی صاحب کی فصاحت و بلاغت کی بخشش کے دریا کے کنارے پر کھڑے ہو کر نقوی صاحب کی غوطہ زنی پر حیرت کا اظہار کر رہے ہیں

تقریظ

(جناب صائم چشتی صاحب، فیصل آباد)

حضورِ تاجدارِ انبیاء، محبوبِ کبریا، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم کی شانِ اقدس اور سیرتِ طیّبہ کے حوالے سے لکھا ہوا یہ کلام پڑھنے اور سُننے کے بعد تو صرف یہی کہا جاسکتا ہے کہ جگر گوشۂ رسول شہزادۂ بتول سیّدی و مولائی حضرت پیر باوا

سیّد محمد امین علی شاہ صاحب نقوی قادری صابری مدّظلہُ العالی کا قلم مُبارک

حضرت رُوح الامین علیہ السّلام نے تھاما ہُوا ہے۔

دستِ جبریل میں نقوی کا قلم رکھا ہے!

اور نقوی صاحب کے جدِّ امجد باب مدینۃ العلم سیّدنا حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے اپنے علوم و معارف کو نقوی صاحب کے سینۂ بے کینہ میں براہِ راست منتقل کر دیا ہے ؎

پیئے جاؤ مے خوارو اُن کے کرم سے
کھُلا ہے یہ بابُ الہُدیٰ اللہ اللہ

تخلیقاتِ نقوی

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
عربی میں غیر منقوط نعتیہ دیوان

*

عشقِ محمد
اردو میں مجموعۂ کلام

*

محمد ہی محمد
اردو میں غیر منقوط نعتیہ دیوان

*

یا رسول اللّٰہ
عربی میں مجموعۂ کلام

*

لا نبی بعدی
اسلامی بم بر قادیانی دم

*

عالمِ اسلام کا اتحاد
احترامِ آدمیت کے موضوع پر لاجواب کتاب

*

شجرۂ حسینیہ
نقوی سادات کی مختصر تاریخ



* بزمِ بابُ الہدیٰ، بستی سید امین شاہ، فیض آباد، فیصل آباد شہر
* نعت اکادمی، سادات کالج، جمال پارک، شاہدرہ موڑ لاہور ۳۵
* جامعہ امینیہ رضویہ، حیدر آباد اکال گڑھ، ضلع میرپور، آزاد کشمیر
* تاجدارِ ختمِ نبوت اکیڈمی جامع مسجد فاروقیہ محلہ عثمان آباد، چنیوٹ ضلع جھنگ